TENDER DOCUMENTS

ٹینڈر نمبر_____

سنٹر آف ایکسیلینس (بوائز) ڈیرہ غازی خان

ٹھیکیدار کا نام:_____

ایڈریس:_____

فون نمبر:_____

وصول کنندہ:_____

تاریخ اجراء:_____

دستخط پرنسپل:_____

انفارمیشن اور مزید ہدایات کے لیے درج ذیل نمبر پر رابطہ کریں۔

سنٹر آف ایکسیلینس (بوائز) ڈیرہ غازی خان

فون نمبر:064-9260065

Principal
Center of Excellence (Boys)
Dera Ghazi Khan

ضرورت برائے کینٹین کنٹریکٹر

1۔ ادارہ ہذا (اوسط نفری -/2500 بشمول طلباء، اساتذہ، سٹاف) میں کینٹین کو چلانے (فراہمی اشیاء وخوردونوش وسٹیشنری) کے لئے اچھی شہرت کے حامل تجربہ کار اور انکم ٹیکس گزار کینٹین ہولڈر سے بِڈ / پیشکش مطلوب ہیں جو کہ زیر دستخطی 30 اپریل 2021 کو دن 11 بجے سے پہلے موصول ہو جانی چاہیے۔ ٹینڈر اسی دن 11 بج کر 30 منٹ پر کھولا جائے گا۔ کنٹریکٹ ایک سال کے لئے ہو گا جو فریقین کی باہمی رضامندی سے سالانہ قابل توسیع ہو گا۔

2۔ ٹھیکہ / ٹینڈر پنجاب پبلک پروکیورمنٹ رولز 2014 کی شق نمبر 38(2)(α) کے مطابق ہو گا۔

3۔ ٹینڈر کے ہمراہ مندرجہ ذیل دستاویزات منسلک ہونے چاہیں۔

مبلغ -/500 روپے کا بنک ڈرافٹ / پے آرڈر (چیک ناقابل قبول) قابل واپس بنام پرنسپل، سنٹر آف ایکسیلینس (بوائز) ڈیرہ غازی خان جمع کرانا ہو گا۔

شناختی کارڈ کی مصدقہ نقل۔

انکم ٹیکس رجسٹریشن کے ثبوت۔

تین عدد حالیہ فوٹو (بِڈر)۔

4۔ مطلوب سروس (اشیاء، خوردونوش، سٹیشنری وغیرہ) کی تفصیل اور ٹینڈر ڈاکومنٹ ادارہ ہذا سے 500 روپے کے عوض دفتری اوقات میں حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ ادارہ ہذا کسی ایک یا تمام ٹینڈر کو گورنمنٹ رولز کے تحت منظور یا مسترد کرنے کا حق رکھتا ہے۔ کامیاب ٹھیکیدار کی پولیس ویریفیکیشن کے بعد کینٹین کی الاٹمنٹ کا لیٹر جاری کیا جائے گا۔

شرائط، قواعد وضوابط، ٹینڈر کاغذات اور لسٹ آف اشیاء خوردونوش سکول اوقات کار میں یا موقع پر دفتر سے ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔

پرنسپل سنٹر آف ایکسیلینس (بوائز) ڈیرہ غازی خان

فون نمبر: 064-9260065

Principal
Center of Excellence (Boys)
Dera Ghazi Khan

نمبر شمار	معلومات	تفصیل
.1	نام ٹھیکیدار	
.2	تجربہ	
.3	شناختی کارڈ نمبر	
.4	ای میل ایڈریس	
.5	رابطہ نمبر	
.6	موبائل نمبر	
.7	NTN نمبر	
.8	سیلز ٹیکس نمبر	

ٹینڈر کے ہمراہ مندرجہ ذیل دستاویزات منسلک ہونے چاہیں۔

1۔ مبلغ-/500 روپے کا بنک ڈرافٹ / پے آرڈر (چیک نا قابل قبول) قابل واپس بطور ضمانت بنام پرنسپل، سنٹر آف ایکسیلینس (بوائز) ڈیرہ غازی خان میں جمع کرانا ہو گا۔

2۔ شناختی کارڈ کی مصدقہ نقل۔

3۔ انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس رجسٹریشن کے ثبوت۔

4۔ تین عدد حالیہ تصاویر (بڈر)۔

شرائط وضوابط ٹھیکہ کینٹین سنٹر آف ایکسیلینس (بوائز) ڈیرہ غازی خان

1۔ اس معاہدہ / ٹھیکہ کینٹین سکول ہذا کی معیاد مورخہ 30 جون 2022 ہو گی۔ جو فریقین کی باہمی رضامندی سے سالانہ قابل توسیع ہو گا۔

2۔ روزانہ آغاز سکول سے ایک گھنٹہ پہلے اور سکول بند ہونے کے ایک گھنٹہ بعد تک کینٹین کھلی رہے گی، طلباء کو سکول کے اوقات کار، اسمبلی سے پانچ منٹ پہلے تک اور تفریح کے دوران ہی ہمہ قسمی فروخت کرنا ہو گی۔

3۔ معاہدہ / ٹھیکہ کسی بھی وقت بغیر وجہ بتائے ختم کیا جا سکتا ہے۔ ٹھیکیدار مذکور یا اس کینٹین سے متعلق کسی بھی ملازم وغیرہ کو قانونی چارہ جوئی کا حق حاصل نہ ہو گا۔ سکول میں ہونے والے پروگرامز / مخصوص ایام کی تعطیلات / مسلسل شکایات موصول ہونے کی صورت میں پرنسپل کسی بھی دن کینٹین کو بند کروا سکتا ہے۔

4۔ کینٹین میں صاف ستھرا ماحول، اچھا فرنیچر مہیا کرنا ٹھیکیدار کی ذمہ داری ہو گی۔ کینٹین کے جملہ ملازمین بشمول ٹھیکیدار اساتذہ کرام طلباء کا احترام کریں گے۔ ان کے ساتھ نامناسب رویہ وزبان کسی صورت برداشت نہ کی جائے گی۔ اس سلسلہ میں مصدقہ شکایات کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا۔ ٹھیکیدار کینٹین پر کام کرنے والے ملازمین کی شناختی کارڈ کی کاپی فراہم کریگا۔ کینٹین ٹھیکیدار یا اس کا کوئی ملازم سکول کی جملہ املاک (عمارت، فرنیچر وغیرہ) کو کسی قسم کا نقصان پہنچانے کی صورت میں نقصان پورا کرنے کا ذمہ دار ہو گا، دوران سکول کسی بھی بیرونی فرد کا کینٹین یا ادارہ میں داخلہ کی اور فروخت کی اجازت نہ ہو گی، اوقات کار سکول کے دوران جملہ گیٹس سکیورٹی خدشات کے پیش نظر بند ہوں گے اور گورنمنٹ کی طرف سے آنے والی ہدایات پر من وعن نہ صرف عمل کرنا ہو گا بلکہ انتظامیہ سکول ہذا بھی پابند ہو گی۔

5۔ کینٹین پر فروخت کی جانے والی اشیاء کے دام / ریٹس مناسب ہوں گے۔ کینٹین پر فروخت کی جانے والی اشیاء ہر لحاظ سے بہترین ہوں گی۔ گھٹیا معیار یا کم مقدار کی اشیاء کسی بھی صورت فروخت کرنے کی اجازت نہ ہو گی، معیاری اشیاء خورد ونوش کے علاوہ سٹیشنری بھی فروخت کرنے کی اجازت ہو گی۔ پان، سگریٹ، گٹکا، سونف، سپاری، شاہی میوہ یا کوئی اور

Principal
Center of Excellence (Boys)
Dera Ghazi Khan

ممنوعہ اشیاء فروخت کرنے کی اجازت نہ ہو گی۔ ہمہ قسمی انرجی ڈرنکس بشمول بلیک ہارس، ریڈ بل اور ممنوعہ مالٹس اور دیگر ممنوعہ مشروبات لانے، رکھنے کی اجازت نہ ہو گی۔ فریش جوس رکھنے کی اجازت ہو گی۔

6۔ گلی سڑی، کٹی پھٹی وزائد المیعاد اشیاء لانے، رکھنے و فروخت کرنے کی اجازت نہ ہو گی۔

7۔ کینٹین کا عملہ صاف لباس پہنے گا اور سر ڈھانپ کر رکھے گا۔

8۔ ٹھکیدار طلباء کو فلٹر شدہ پانی فراہم کرنے کا پابند ہو گا۔

9۔ کینٹین کی صفائی اور گردونواح کی صفائی بھی بذمہ ٹھیکیدار ہو گی اور ٹھیکیدار کوڑا کرکٹ کو سکول سے باہر معقول جگہ پر پھینکنے کا ذمہ دار ہو گا۔

10۔ اسٹاف و اساتذہ کے لیے فرنیچر کم از کم 10 کرسیاں 2 میزیں فراہم کرنا ہوں گی۔

11۔ کینٹین کا ماہانہ کرایہ مبلغ -/5000 روپے ہو گا۔ جو کہ ہر ماہ کی 10 تاریخ سے پہلے ادارہ ہذا کے مجوزہ اکاؤنٹ میں جمع کرانا ہو گا۔ پورے سال کا اکٹھا کرایہ بھی جمع کرایا جا سکتا ہے۔

12۔ کرایہ دیر سے جمع کرانے کی صورت میں ایک سو (100) روپے جرمانہ یومیہ جمع کروانا ہو گا۔

13۔ ٹھیکیدار، بعد ازاں کسی دوسرے شخص کو کینٹین ٹھیکہ / کرایہ پر دینے کا مجاز ہر گز نہ ہو گا۔ ورنہ ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا۔

14۔ کمیٹی کسی بھی وقت کینٹین پر موجود مواد کی پڑتال کر سکتی ہے۔ میعاد یا مقدار سے متعلق شکایات کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا۔

15۔ اشیاء کی قیمتوں میں کمی بیشی کی صورت میں کمیٹی کو ریٹ لسٹ میں تبدیلی کا اختیار ہو گا۔

16۔ ٹھیکیدار کینٹین میں استعمال ہونے والی بجلی کا بل ماہانہ بروقت ادا کرے گا اور ادا شدہ بل کی کاپی پرنسپل آفس میں جمع کروانے کا پابند ہو گا۔

17۔ کینٹین / کیفے ٹیریا کو صرف اور صرف مخصوص کردہ جگہ تک محدود رکھا جائے گا۔ اس مخصوص کردہ جگہ کے علاوہ سکول ہذا میں کہیں بھی خرید و فروخت و ریڑھی، ٹھیلا وغیرہ چلانے کی اجازت نہ ہو گی۔

18۔ کینٹین / کیفے ٹیریا سکول ہذا پر ماحول کو آلودہ کرنے والی اشیاء رکھنے، بیچنے یا جلانے کی اجازت نہ ہو گی۔ خصوصاً لکڑی، پٹرول و ڈیزل وغیرہ دیگر اشیاء جو دھواں دیتی ہوں جلانے کی اجازت نہ ہو گی، کسی بھی نقصان یا حادثہ کی صورت میں سکول انتظامیہ ہر گز ذمہ دار نہ ہو گی۔

19۔ ٹھیکیدار انکم ٹیکس / سیلز ٹیکس ریٹرن باقاعدگی سے جمع کرا کے چالان پرنسپل کے سپرد کرنے کا پابند ہو گا۔

20۔ ٹھیکہ کے آغاز سے پہلے مبلغ -/50000 روپے بطور پرفارمنس گارنٹی قابل واپسی بوقت اختتام ٹھیکہ سکول ہذا کے سیکیورٹی کے اکاونٹ نمبر _____ واقع بنک آف پنجاب (مین برانچ) جامپور روڈ ڈیرہ غازی خان میں جمع کروانی ہو گی۔ شرائط کی تکمیل میں کسی بھی بدعہدی یا نقصان املاک سکول ہذا یا عدم ادائیگی واجبات وغیرہ یہ سیکورٹی ضبط بحق سکول ہذا کر لی جائے گی اور کسی قسم کا عذر قابل قبول نہ ہو گا۔

21۔ طے شدہ رقم ٹھیکہ -/5000 روپے ماہانہ مورخہ 10 تاریخ تک سکول ہذا کے اکاؤنٹ نمبر _____ واقع بنک آف پنجاب (مین برانچ) جامپور روڈ ڈیرہ غازی خان میں جمع کرانی ہو گی اور جمع شدہ رقم کی کاپی پرنسپل آفس میں جمع کروانے کا پابند ہو گا۔

22۔ ٹھیکہ حاصل کرنے کے بعد اپنے سٹاف کی پولیس ویریفکیشن / تصدیق (جو کہ ایک دفعہ ہوئی ہے) کا ثبوت پیش کرنا ہو گا۔

Principal
Center of Excellence (Boys)
Dera Ghazi Khan

لسٹ آف اشیائے خوردونوش برائے ٹھیکہ کینٹین سنٹر آف ایکسیلینس (بوائز) ڈیرہ غازی خان

نمبر شمار	نام اشیاء	مقدار	برانڈ	آفر قیمت ٹھیکیدار (Offer Price)	ریمارکس
1	چائے	فی کپ (100 ملی گرام)	Good Quality		
2	پکوڑے	250 گرام	Good Quality		
3	سموسہ	50-70 گرام	Good Quality		
4	چاول چنے / دال چاول	فی پلیٹ (250 گرام)	Good Quality		
5	بسکٹ	نمکی پیک	LU, Peak Freans, Innovative or Equivalent		
6	کپ کیک	سٹینڈرڈ پیک	Dawn, Halal or Equivalent		
7	لیز چپس (Lays)	Small	Halal		
8	لیز چپس (Lays)	Medium	Lays or Equivalent		
9	نمکو	سمال پیکٹ	Good Quality		
10	بٹر ٹافی	سٹینڈرڈ	Good Quality		
11	منرل واٹر	چھوٹی بوتل 0.5 لیٹر	Nestle or Equivalent		
12	چنا چاٹ فی پلیٹ	فی پلیٹ 250 گرام	Good Quality		
13	لیڈ پینسل	سٹینڈرڈ	Dollar or Equivalent		
14	ربڑ	سٹینڈرڈ	Dollar or Equivalent		
15	شاپنر	سٹینڈرڈ	Dollar or Equivalent		
16	بال پوائنٹ	سٹینڈرڈ	Dollar or Equivalent		
17	پوائنٹر بال پین	سٹینڈرڈ	Dollar or Equivalent		
18	ٹیپو مارکر	سٹینڈرڈ	Dollar or Equivalent		
19	کاپی سادہ	سٹینڈرڈ	70-80 GSM (White Page)		
20	رجسٹر بغیر جلد	سٹینڈرڈ	70-80 GSM (White Page)		
21	رجسٹر جلد والا	سٹینڈرڈ	70-80 GSM (White Page)		

نوٹ: ٹھیکیدار مندرجہ بالا تمام پیکڈ اشیاء خوردونوش کو ریٹیل پرائس پر دینے کا پابند ہو گا۔ علاوہ ازیں دوسری اشیاء بھی سکول کمیٹی کی منظوری سے دینے کا پابند ہو گا۔ سکول کمیٹی افراط زر کے پیش نظر اشیاء کی قیمتوں میں ردوبدل کی مجاز ہو گی۔

اقرار نامہ:

میں اقرار کرتا / کرتی ہوں کہ میں کینٹین کے ٹھیکے کے حوالے سے تمام شرائط وضوابط پڑھ لی ہیں اور ان کو پورا کرنے کا / کی پابند ہوں گا / گی اور کینٹین کمیٹی کی تمام معاملات بشمول ٹھیکہ ہر فیصلے کو من وعن تسلیم کرنے کا / کی پابند ہوں گا / گی۔

نام: _____

دستخط: _____

Principal
Center of Excellence (Boys)
Dera Ghazi Khan